سوال

وضو شروع کرتے وقت کیا کہنا چاہیے

جواب

سوال : السلام علیکم وضو شروع کرتے وقت ہمیں کیا کہنا چاہیے صرف "بِسْمِ اللَّهِ" یا پورا "بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ" پڑھنا چاہیے ؟ والسلام

جواب : وضو کے شروع میں صرف بسم اللہ کے الفاظ ہیں اوران میں الرحمن الرحیم کا اضافہ نہیں ہے جیساکہ ذبح کرتے وقت صرف بسم اللہ کے الفاظ ہیں ۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں :

عَنْ أَنَسٍ قَالَ طَلَبَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ مَاءٌ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْمَاءِ وَيَقُولُ تَوَضَّئُوا بِسْمِ اللَّهِ (سنن النسائی، کتاب الطہارۃ، باب التسمیہ عند الوضوء)